# تعلیمات قرآن

## حصہ 5

| | |
|---|---|
| جامعہ | فیضان قطب مدینہ |
| مدرس | علامہ ممتاز علی مدنی |
| فہرست | ان نوٹس میں یہ چیزیں شامل ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | لغوی معنی | 2 | تعارف و مضامین |
| 3 | سورت کی فضیلت پر احادیث | 4 | سوال و جواب |
| 5 | مشکل الفاظ کے معنی | 6 | ایم سی کیوس |

**سورۃ النجم سے مرسلت تک یہ نوٹس ہے**

**کاتبین**

1- محمد عاقل عطاری 2- عرفات عطاری 3- محمد حماد
4- عبدالسبحان 5- تیمور عطاری

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# "تعلیمات القرآن" حصہ (5)

**جامعہ:** "فیضانِ قطب مدینہ"

**مدرس:** "ممتاز علی مدنی"

**فہرست:** "ان نوٹس میں یہ چیزیں شامل ہے۔

1) لغوی معنی۔ 1 سے 4 تک
2) تعارف و مضامین.. 5 سے 10 تک۔
3) سورت کی فضیلت پر احادیث 11 سے 12 تک۔
4) سوال و جواب۔ 13 سے 21 تک۔
5) مشکل الفاظ کے معنی۔ 22 سے 35 تک۔
6) M.C.Q.S ایم۔سی۔کیو۔ایس۔ 36 سے 41

* **سورۃ النجم سے مرسلت تک یہ نوٹس ہے۔**

**کاتبین:** 1) محمد عاقل خان 2) عرفات۔
3) ارباز 4) محمد حماد 5) عبد السبحان
6) محمد تیمور

١

# لغوی معنیٰ

سورۃ النجم کا لغوی معنی:-

عربی میں ستارے کو نجم کہتے ہیں۔

سورۃ القمر کا لغوی معنی:-

عربی میں چاند کو قمر کہتے ہیں۔

سورۃ الرحمٰن کا لغوی معنی:-

اس سورت کا نام رحمٰن اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس کی ابتدا اللہ پاک کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک اسم الرحمٰن سے کی گئی ہے۔

سورۃ الواقعہ کا لغوی معنی:-

سورۃ الواقعہ واقعہ قیامت کا ایک نام ہے۔

سورۃ الحدید کا لغوی معنی:-

عربی میں لوہے کو حدید کہتے ہیں۔

سورۃ المجادلۃ کا لغوی معنی:-

بحث و تکرار کرنے والی عورت کو عربی میں مجادلۃ کہتے ہیں۔

سورۃ الحشر کا لغوی معنی:-

حشر کا معنی ہے لوگوں کو اکٹھا کرنا۔

Scanned with CamScanner

* سورۃ الممتحنۃ کا لغوی معنی :-
• عورتوں کا امتحان لینے والی صورت۔

* سورۃ الصف کا لغوی معنی :-
• صف کا معنی ہے سیدھی قطار۔

* سورۃ الجمعۃ کا لغوی معنی :-
• سات دنوں میں سے ایک دن کا نام جمعہ ہے اور اس دن سورج ڈھلنے کے بعد جو نماز ادا کی جاتی ہے اسے سورۃ الجمعہ کہتے ہیں۔

* سورۃ المنٰفقون کا لغوی معنی :-
• اس سورت کی ابتداء میں منافقوں کی صفات بیان کی گئی ہیں اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں سے متعلق ان کا موقف ذکر کیا گیا ہے اس مناسبت سے اس کو سورۃ منافقون کہتے ہیں۔

* سورۃ التغابن کا لغوی معنی :-
• تغابن کا لفظی معنی ہے خرید و فروخت میں نقصان پہنچانا اور یہ قیامت کے دن کا ایک نام بھی ہے۔

* سورۃ الطلاق کا لغوی معنی :-
• نکاح سے عورت شوہر کی پابند ہو جاتی ہے اس پابندی کے اٹھا دینے کو طلاق کہتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

* سورۃ التحریم کا لغوی معنی :-
• تحریم کا معنی ہے کسی کو حرام ٹھہرانا۔

* سورۃ الملک کا لغوی معنی :-
• اس کا لغوی معنی ملک یعنی سلطنت و بادشاہت کا ذکر ہے۔

* سورۃ القلم کا لغوی معنی :-
• اس سورت کی پہلی آیت طیبہ میں اللہ پاک نے قلم کی قسم ارشاد فرمائی۔

* سورۃ الحاقۃ کا لغوی معنی :-
• حاقۃ قیامت یقینی طور پر واقع ہونے والی چونکہ اس سورت کو اسی نام کے سوال کے ساتھ شروع کیا گیا۔

* سورۃ المعارج کا لغوی معنی :-
• معارج کا معنی بلندیاں۔

* سورۃ الجن کا لغوی معنی :-
• اس سورت میں جنات کے احوال اور ان کے اقوال ذکر کیے گئے ہیں۔

* سورۃ المزمل کا لغوی معنی :-
• مزمل کا معنی ہے چادر اوڑھنے والا۔

Scanned with CamScanner

★ سورۃ المدثر کا لغوی معنی :-

• مدثر کا معنی ہے چادر اوڑھنے والا۔

★ سورۃ القیامۃ کا لغوی معنی :-

• سورۃ القیامۃ کا لغوی معنی اللہ تعالیٰ نے قیامت کے دن کی قسم ارشاد فرمائی ہے۔

★ سورۃ الدھر کا لغوی معنی :-

• لمبے زمانے کو دہر کہتے ہیں۔

★ سورۃ المرسلٰت کا لغوی معنی :-

• جنہیں لگاتار بھیجا جائے ایسے انہیں عربی میں مرسلات کہتے ہیں۔

★ سورۃ نوح کا لغوی معنی :-

•

x — x — x — x

Scanned with CamScanner

# سورۃ النجم کا مرکزی مضامین

اس سورۃ کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں اللہ پاک کی وحدانیت، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت اور قیامت کا دن مخلوق کو دوبارہ زندہ کئے جانے کا بیان ہے نیز اس میں یہ مضامین بھی ہے۔

01) واقعہ معراج کا کچھ حصہ بیان کیا گیا اور معراج کو جھٹلانے والے مشرکین کا رد فرمایا گیا۔
02) کبیرہ گناہوں سے بچنے والوں کی جزا اور ریاکاری کی مذمت بیان کی گئی۔

# سورۃ القمر کے مرکزی مضامین

اس سورۃ کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں اللہ پاک کی وحدانیت، حضرت محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی رسالت اور قرآن پاک کی صداقت وغیرہ اسلام کے بنیادی عقائد کے بارے میں بیان کیا گیا ہے، نیز اس میں یہ مضامین بیان ہوئے ہیں:

01) ابتداء میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک معجزے اور کفار کے طرز عمل کا بیان ہے۔
02) آخر میں یہ بحث کفار کا حال اور سعادت مند متقی و پرہیزگار لوگوں کی جزا بیان کی گئی ہے۔

# سورۃ الرحمٰن کے مرکزی مضامین

اس سورۃ کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں اللہ پاک کی وحدانیت و قدرت، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور قرآن مجید کے اللہ پاک کی وحی ہونے پر دلائل بیان کئے گئے ہیں نیز اس میں یہ مضامین بھی ہیں:

01) حضرت آدم علیہ السلام اور ابلیس کی پیدائش، میٹھے اور کھاری سمندروں اور ان سے موتی نکلنے کو بیان فرمایا گیا ہے۔
02) آخر میں قیامت، جنت کی نعمتوں، جہنم کی سختیوں اور ہولناکیوں وغیرہ کا تذکرہ ہے۔

Scanned with CamScanner

# سورۃ الواقعۃ کے مرکزی مضامین

(02 اس سورت کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں اللہ پاک کی وحدانیت کے دلائل، حشر کے احوال اور لوگوں کا انجام بیان کیا گیا ہے۔ نیز اس میں یہ مضامین بھی ہیں:

01) سورت کی ابتداء میں قیامت قائم ہونے اور اس وقت زمین کے تھرتھرانے اور پہاڑوں کے ریزہ ریزہ ہونے کا ذکر ہے۔

02) قرآن پاک کا ذکر کیا گیا اور یہ بتایا گیا کہ قرآن مجید سب جہانوں کے پالنے والے رب کی نازل کردہ کتاب ہے۔

# سورۃ الحدید کے مرکزی مضامین

(01 اس سورت کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں عقیدے اور ایمان سے متعلق، جہاد اور راہِ خدا میں خرچ کرنے کے بارے میں اور ان کے علاوہ دیگر چیزوں سے متعلق شرعی احکام بیان کئے گئے ہیں نیز اس میں یہ مضامین بھی ہیں:

(08

01) ابتداء میں اللہ پاک کی صفات، اس کے اسماءِ حسنیٰ اور کائنات کی تخلیق میں اس کی عظمت و قدرت کے آثار کے ظہور کا بیان ہے۔

02) مسلمانوں کو دینِ اسلام کی سربلندی اور اس کے اعزاز کی خاطر اللہ پاک کی راہ میں مال خرچ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

(01

# سورۃ المجادلۃ کے مرکزی مضامین

(02 اس سورت کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں ظہار اور اس کے کفارے اور چند دیگر چیزوں کے بارے میں شرعی احکام بیان کئے گئے ہیں، نیز اس میں یہ چیزیں بیان کی گئی ہیں

01) ابتداء میں حضرت خولہ بنتِ ثعلبہ رضی اللہ عنہا کے ظہار کے مسئلے میں ہونے والی بحث اور ظہار سے متعلق چند احکام بیان کئے گئے ہیں۔

(01

(02 02) آخر میں بیان کیا گیا کہ مسلمان کافروں سے محبت نہ رکھیں اگرچہ وہ ان کے باپ، بیٹے، بھائی اور خاندان کے لوگ ہی کیوں نہ ہوں۔

# سورۃ الحشر کے مرکزی مضامین

اس سورت کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں بنو نضیر کے یہودیوں کو مدینہ منورہ سے جلاوطن کرنے کے بارے میں بیان کیا گیا اور مسلمانوں کو چند شرعی احکام بتائے گئے: نیز اس میں

(01 یہ مضامین بھی ہیں:

(02 01) آخر میں بتایا گیا کہ انسان، حیوان، نباتات، جمادات الغرض کائنات کی ہر چیز اللہ کریم

Scanned with CamScanner

کی پاکی بیان کرتی، اس کی قدوسیت و وحدانیت کی گواہی دیتی اور اس کی عظمت کا اقرار کرتی ہے۔
بنو نضیر کے یہودیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیے ہوئے معاہدے کی خلاف ورزی کی اور آپ
کو شہید کرنے کی سازش کی تو اس کے نتیجے میں انہیں مدینہ منورہ سے جلاوطن کر دیا گیا۔

## سورۃ الممتحنہ کے مرکزی مضامین:

اس سورت کا مرکزی مضمون ہے "مسلمانوں سے معاہدہ کرنے والے اور جنگ نہ کرنے والے مشرکین کے احکام بیان کیے گئے ہیں" نیز اس میں یہ مضامین بیان ہوئے ہیں:

01) یہودیوں اور مشرکوں سے تعلقات کے بارے میں اصول بیان کیے گئے اور مدینہ منورہ ہجرت کر کے آنے والی مومنہ عورتوں کا امتحان لینے کا حکم دیا گیا اور ان کے بارے میں شرعی احکام بیان کیے گئے۔

02) آخر میں مسلمانوں کو یہودیوں کے ساتھ دوستی کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

## سورۃ الصف کے مرکزی مضامین:

اس سورت کا مرکزی مضمون ہے "دشمنوں کے ساتھ جہاد کرنے کا حکم اور مجاہدین کا عظیم ثواب" بیان کیا گیا ہے مزید اس میں یہ مضامین بیان ہوئے ہیں:

01) اللہ پاک کی تسبیح اور تقدیس بیان کرنے کے بعد مسلمانوں کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ بات نہ کہو جس پر خود عمل نہیں کرتے

02) جو لوگ اللہ پاک کی راہ میں سیسہ پلائی دیوار کی طرح صف باندھ کر لڑتے ہیں اللہ پاک ان سے محبت فرماتا ہے۔

## سورۃ الجمعہ کے مرکزی مضامین:

اس سورت کا مرکزی مضمون "نمازِ جمعہ کا حکم" ہے نیز اس میں یہ مضامین بیان ہوئے ہیں۔

01) ابتداء میں اللہ پاک کی تسبیح و تقدیس اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و شان بیان کی گئی ہے

02) اللہ پاک کا اپنی مخلوق پر بڑا فضل ہے کہ اس نے ان کی ہدایت کے لیے اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا۔

## سورۃ المنافقون کے مرکزی مضامین:

اس سورت کا مرکزی مضمون ہے "منافقوں کے اوصاف اور ان کی بری عادات" کو بیان کیا گیا ہے۔ مزید اس میں یہ مضامین بھی ہیں۔

01) مسلمانوں کو بتایا گیا کہ منافق تمہارے دشمن ہیں لہٰذا ان سے بچتے رہو۔

02) یہ بتایا گیا ہے کہ منافقوں کا یہ گمان باطل ہے کہ وہ مدینہ منورہ پہنچ کر مسلمانوں اور ان کے نبی

Scanned with CamScanner

صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ منورہ سے نکال دیں گے۔

## سورۃ التغابن کے مرکزی مضامین

اس سورت کے مرکزی مضمون میں "عقائد" کے متعلق اُمور بیان کئے گئے ہیں مزید اس میں یہ مضامین ہے۔

01) ہر مصیبت اللہ پاک کے حکم سے پہنچتی ہے۔

02) اہل و عیال کے متعلق اہم ہدایت دی گئیں ہیں۔

## سورۃ الطلاق کے مرکزی مضامین

اس سورت کے مرکزی مضمون میں "ازدواجی زندگی کے احکام بیان کئے گئے ہیں نیز اس میں یہ مضامین بھی ہیں۔

01) یہ بتایا گیا کہ وہ عورت جسے بچپن یا بڑھاپے کی وجہ سے حیض نہ آتا ہو تو اس کی عدت تین مہینے ہے اور جو عورت حاملہ ہو اس کی عدت بچہ پیدا ہونے تک ہے۔

02) شوہر کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ عدت ختم ہونے تک اپنی حیثیت کے مطابق عورت کو رہائش اور خرچہ دے، اگر بچے کو دودھ پلانے کی اُجرت دینی پڑے تو وہ اُجرت دینا بھی شوہر پر لازم ہے۔

## سورۃ التحریم کے مرکزی مضامین

اس سورت کا مرکزی مضمون "نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات سے متعلق ہے" مزید اس میں یہ مضامین بھی ہیں:

01) ایمان والوں کو اپنی ذات اور اہل و عیال کو جہنم سے بچانے، سچی توبہ کرنے اور جہاد کرنے کے احکام دیے گئے ہے۔

02) آخر میں کافروں کے لیے حضرت نوح اور حضرت لوط علیہما السلام کی بیویوں کی مثال بیان کی گئی ہے اور مسلمانوں کے لیے فرعون کی بیوی حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی مثال بیان فرمائی گئی تاکہ دو بُری مثالیں اور دو اچھی مثالیں لوگوں کے سامنے واضح ہو جائیں۔

## سورۃ المُلک کے مرکزی مضامین

اس سورت کے مرکزی مضمون میں اسلام کے بنیادی عقائد (جیسے اللہ پاک کی وحدانیت، رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت، قرآن کریم کی حقانیت، حشر و نشر اور قیامت کے دن اعمال کی جزا و سزا) کو مؤثر انداز میں بیان کیا گیا ہے مزید اس میں یہ مضامین بیان ہوئے ہیں۔



Scanned with CamScanner

(5)

01) اللہ پاک کی عظمت، سلطنت اور قدرت کے بارے میں بتایا گیا۔
02) زندگی اور موت کی پیدائش کا مقصد اعمال کی جانچ کرنا بیان کیا گیا۔

## سورۃ القلم کے مرکزی مضامین

اس سورت کا مرکزی مضمون میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت وشان بیان کی گئی ہے
مزید اس میں یہ مضامین بھی ہے۔

02) کافروں کا یہ دعویٰ غلط ہے کہ مسلمان اور کافر ایک جیسے ہیں، اس دعوے پر ان کے پاس کوئی دلیل نہیں۔
02) سورت کے آخر میں کفار کے حسد وعناد کا ذکر کیا گیا اور بتایا گیا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہانوں کے لیے شرف کا باعث ہیں تو ان کی طرف جنون کی نسبت کس طرح کی جا سکتی ہے۔

## سورۃ الحاقۃ کے مرکزی مضامین

اس سورت کا مرکزی مضمون میں قیامت کی ہولناکیوں، قرآن مجید اللہ پاک کا کلام ہونے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کفار کے تمام الزامات سے بری ہونے کا بیان ہے مزید اس میں یہ مضامین بھی ہیں۔

01) قیامت کی چند ہولناکیاں بیان کی گئیں نیز سعادت مندوں اور بدبختوں کا حال بیان کیا گیا۔
02) سورت کے آخر میں دلیل کے ساتھ بیان کیا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سچے رسول ہیں۔

## سورۃ المعارج کے مرکزی مضامین

اس سورت کے مرکزی مضمون میں قیامت، مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے، جزاء وحساب اور عذاب جہنم کی کیفیت بیان کی گئی ہے مزید اس میں یہ مضامین بیان ہوئے ہیں:

01) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار کی طرف سے پہنچنے والی اذیتوں پر صبر کی تلقین کی گئی۔
02) قیامت، جہنم اور اس کے عذاب کی ہولناکیاں بیان کی گئی اور کافروں کا اخروی حال بتایا گیا ہے

## سورۃ الجن کے مرکزی مضامین

اس سورت کے مرکزی مضمون میں جنات سے متعلق حقائق کی خبر دی گئی ہے مزید اس میں یہ مضامین بھی ہیں:

02) جنات بھی اللہ پاک کی مخلوق ہیں انسانوں کی طرح ان میں بھی متعدد فرقے ہیں مسلمان، کافر نیک اور بد ہر طرح کے جنات ہیں
02) مسجدیں صرف اللہ پاک کی عبادت کے لیے بنائی گئی ہیں

Scanned with CamScanner

## سورۃ المزمل کے مرکزی مضامین

اس سورت کے مرکزی مضمون میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت و وظائف اور اذکار سے متعلق کلام کیا گیا ہے مزید اس میں یہ مضامین بھی ہیں:

01) رات کے اٹھنے میں رات کا وقت عبادت کرنے میں زیادہ دل جمعی حاصل ہوتی ہے۔

02) آخر میں امت سے تہجد کی فرضیت منسوخ کر کے عبادت کے معاملے میں آسانی فرما دی گئی ہے۔

## سورۃ المدثر کے مرکزی مضامین

اس سورت کا مرکزی مضمون میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دین اسلام کی تبلیغ کا حکم دیا گیا ہے اور مشرک سرداروں کو عذاب جہنم سے ڈرایا گیا ہے اور جہنم کے اوصاف بیان کیے گئے ہیں مزید اس میں یہ مضامین بھی ہیں۔

01) ہر شخص اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہے جنتیوں اور جہنمیوں کے درمیان گفتگو بیان کی گئی

02) آخر میں بتایا گیا کہ قرآن عظیم نصیحت ہے تو جو چاہے اس سے نصیحت حاصل کرے۔

## سورۃ القیامۃ کے مرکزی مضامین

اس سورت کے مرکزی مضمون میں قیامت قائم ہونے پر دلائل قائم کیے گئے ہیں اور قیامت کا انکار کرنے والوں کے شبہات کا جواب دیا گیا مزید اس میں یہ مضامین بھی ہے۔

01) نزع کی سختیاں اور ہولناکیاں بیان کی گئیں۔

02) آخر میں مرنے کے بعد زندہ کرنے پر اللہ تعالیٰ کے قادر ہونے کی دلیل بیان فرمائی گئی ہے

## سورۃ الدھر کے مرکزی مضامین

اس سورت کے مرکزی مضمون میں آخرت کے احوال بیان کیے گئے ہیں مزید اس میں یہ مضامین بھی ہیں۔

01) آخر میں بتایا گیا کہ قرآن کریم تمام انسانوں کے لیے نصیحت ہے۔

02) جنت کے اوصاف بیان کیے گئے ہیں اور وہ اعمال بتائے گئے ہیں جن کی وجہ سے بندہ جنت کا مستحق قرار پاتا ہے۔

## سورۃ المرسلٰت کے مرکزی مضامین

اس سورت میں مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے اور آخرت کے احوال کا ذکر ہے مزید اس میں یہ مضامین بھی ہے۔

01) اللہ پاک کی نعمتوں کا انکار کرنے والوں کو اس کے عذاب سے ڈرایا گیا ہے اور قیامت کے دن کافروں کے عذاب کی کیفیت اور اہل ایمان کو ملنے والی نعمتوں کو بیان کیا گیا ہے۔

02) آخر میں بعض اعمال پر ان کی سرزنش کی گئی اور فرمایا گیا کہ کفار اگر قرآن پاک پر ایمان نہ لائے تو پھر کس کتاب پر ایمان لائیں گے۔



Scanned with CamScanner

## سورۃ الحشر کی فضیلت

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے صبح کے وقت تین مرتبہ "اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ" کہا اور سورۃ حشر کی آخری تین آیات کی تلاوت کی تو اللہ پاک 70 ہزار فرشتے مقرر کر دیتا ہے۔ جو شام تک اس کے لئے دعا مغفرت کرتے رہتے ہیں۔ اور اگر اسی دن انتقال ہو جائے تو شہید کی موت مرے گا اور جو شام کے وقت اسے پڑھے تو اس کا بھی یہی مرتبہ ہے۔

## سورۃ جمعہ سے متعلق حدیث

01) حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سورۃ جمعہ اور سورۃ منافقون کی تلاوت فرماتے ہیں

02) حضرت ابو جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سورۃ جمعہ اور سورۃ منافقون کی تلاوت فرماتے تھے سورۃ جمعہ کی تلاوت کے ذریعے مسلمانوں کو بشارت دیتے اور انہیں نیک اعمال کرنے پر ابھارتے تھے جبکہ سورۃ منافقون کے ذریعے منافقوں کو مایوس کرتے اور ان کی سرزنش فرماتے تھے۔

## سورۃ الملک کی فضیلت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ بے شک قرآن پاک میں 30 آیتوں پر مشتمل ایک سورت ہے جو اپنے پڑھنے والے کے لئے شفاعت کرتی رہے گی یہاں تک کہ اس کی مغفرت کر دی جائے گی اور وہ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْكُ۔ ہے

## سورۃ المرسلت سے متعلق حدیث پاک

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: (میری والدہ) اُمِّ فضل نے مجھے "والمرسلت" پڑھتے سنا تو کہا: اے میرے بیٹے! تم نے اس کی تلاوت کر کے مجھے یہ سورت یاد کروا دی۔ یہ وہ آخری سورت ہے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی جب آپ نماز مغرب میں پڑھا کرتے تھے۔

## سورۃ الحشر کی فضیلت

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے صبح کے وقت تین مرتبہ "أَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ" کہا اور سورۃ حشر کی آخری تین آیات کی تلاوت کی تو اللہ پاک 70 ہزار فرشتے مقرر کر دیتا ہے۔ جو شام تک اس کے لئے دعا مغفرت کرتے رہتے ہیں۔ اور اگر اسی دن انتقال ہو جائے تو شہید کی موت مرے گا اور جو شام کے وقت اسے پڑھے تو اس کا بھی یہی مرتبہ ہے۔

## سورۃ جمعہ سے متعلق حدیث

1) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سورۃ جمعہ اور سورۃ منافقون کی تلاوت فرماتے ہیں

2) حضرت ابو جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سورۃ جمعہ اور سورۃ منافقون کی تلاوت فرماتے تھے سورۃ جمعہ کی تلاوت کے ذریعے مسلمانوں کو بشارت دینے اور مزید نیک اعمال کرنے پر ابھارتے تھے جبکہ سورۃ منافقون کے ذریعے منافقوں کو مایوس کرتے اور ان کی سرزنش فرماتے تھے۔

## سورۃ الملک کی فضیلت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ بے شک قرآن پاک میں 30 آیتوں پر مشتمل ایک سورت ہے جو اپنے پڑھنے والے کے لئے شفاعت کرتی رہے گی یہاں تک کہ اس کی مغفرت کر دی جائے گی اور وہ تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ ہے۔

## سورۃ المرسلت سے متعلق حدیث پاک

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: (میری والدہ) اُم فضل نے مجھے "والمرسلت عرفا" پڑھتے سنا تو کہا: اے میرے بیٹے تم نے اپنی تلاوت سے مجھے یہ سورت یاد کروا دی۔ یہ وہ آخری سورت ہے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی جب آپ نماز مغرب میں پڑھا کرتے تھے

Scanned with CamScanner

نام                ولدیت                درجہ                مضمون

(1) (Q)

## سورۃ النجم کے سوالات کے جوابات:

سوال 1: اللہ پاک کی قدرت اور اس کی شان میں سے کوئی تین باتیں بیان کیجئے۔

ج: بیشک اللہ پاک وہی ہے جس نے ہنسایا اور رلایا اور جس نے قناعت دی اور غنی کیا اور وہی قیامت کے بعد دوبارہ زندہ کرنے والا ہے۔

س: سورۃ نجم کی ابتداء میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کا کون سا واقعہ بیان ہوا ہے

واقعۂ معراج کا کچھ حصہ بیان کیا گیا اور معراج کو جھٹلانے والے مشرکین کا ذکر کیا گیا۔

سوال 3: اس سورت میں کس قوم کو دوسری قوموں سے زیادہ ظالم اور سرکش کہا گیا۔

اس سورت میں قوم نوح کو سب قوموں سے زیادہ ظالم اور سرکش کہا گیا۔

## سورۃ القمر کے سوالات کے جوابات:

سوال: قمر کا معنی کیا ہے اور اس سورت کو سورۃ قمر کیوں کہتے ہیں۔

جواب: عربی میں چاند کو قمر کہتے ہیں اس سورت کی پہلی آیت میں چاند کے پھٹ جانے کا بیان ہے اس مناسبت سے اسے سورۃ قمر کہتے ہیں۔

سوال: قرآن کریم نے گزشتہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات کیوں بیان کیے ہیں

جواب: ہمارے پیارے نبی کی تسلی کیلئے اختصار کے ساتھ سابقہ امتوں میں سے قوم عاد، قوم نوح، قوم ثمود، قوم لوط اور فرعون کی قوم کے حالات اور ان کا انجام بیان کیا گیا اور کفار اور قریش کو مخاطب کر کے ان امتوں کے انجام سے ڈرایا گیا ہے۔

سوال: اللہ پاک کا حکم کتنی جلدی واقع ہوتا ہے۔ اس کی کیا مثال بیان کی گئی ہے؟

جواب: اللہ پاک کا حکم بہت جلد واقع ہوتا ہے۔ اللہ پاک کا ارشاد ہے: وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ ترجمہ: اور ہمارا کام تو صرف پلک جھپکنا ہے۔

## سورۃ الرحمٰن کے سوالات کے جوابات

سوال: سورۃ الرحمٰن میں آیت فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ کتنی مرتبہ آئی ہے اور اس کا ترجمہ کیا ہے۔

ج: یہ آیت 31 مرتبہ آئی ہے اور اس کا ترجمہ ہے تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔

سوال: سورۃ رحمٰن کی آیت 9 میں کیا بیان ہوا ہے

جواب: انصاف کے ساتھ تول قائم کرو اور وزن نہ گھٹاؤ۔

سوال: انسانوں اور جنات کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے:

جواب: انسانوں کو ٹھیکری جیسی بجنے والی مٹی سے اور جنات کو بغیر دھوئیں کے خالص شعلے سے پیدا کیا گیا

سوال: قیامت کے دن مجرم کس طرح پہچانے جائے گے؟

جواب: مجرم اپنے چہروں سے پہچانے جائے گے اور انہیں پیشانی اور پاؤں سے پکڑا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

## سورۃ الواقعہ کے سوالات کے جوابات

سوال1 اس سورت میں حساب کے وقت لوگوں کی تین قسمیں بیان ہوئی ہیں اور وہ کونسی ہیں؟

جواب 1) دائیں طرف والے 2) بائیں طرف والے 3) سبقت لے جانے والے۔

سوال2 سیدھی جانب والوں سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب سیدھی جانب والوں سے جنتی لوگ مراد ہیں

سوال3 سبقت کرنے والوں کی کیا جزا بیان کی گئی ہے؟

جواب سبقت کرنے والے کیا ہی سبقت کرنے والے ہیں وہی مقرب والے ہیں اور نعمتوں کے باغوں میں ہیں۔

سوال4 سورۃ واقعہ میں الٹی جانب والوں کیلئے کیا کیا عذابات بیان کیے گئے ہیں۔

جواب شدید گرم ہوا اور کھولتے پانی میں ہوں گے اور شدید سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہوں گے۔ جو سایہ نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ آرام بخش

سوال5 سورۃ واقعہ کی آیت نمبر 73 میں آگ کے کتنے اور کون سے فائدے بیان کیے گئے ہیں۔

جواب ارشاد ہے: ہم نے اسے یادگار بنایا اور جنگل میں سفر کرنے والوں کیلئے نفع بنایا۔

## سورۃ الحدید کے سوالات کے جوابات

سوال1 سورۃ حدید کی آیت نمبر 3 میں اللہ پاک کی کونسی صفات بیان کی گئی ہیں۔

جواب وہی اول اور آخر اور ظاہر اور باطن ہے اور وہ سب کچھ جانتا ہے

سوال2 سورۃ حدید کی آیت نمبر ۱۴ میں منافقین کی کتنی اور کون کونسی صفات بیان ہوئی ہیں؟

جواب منافق مسلمانوں کو پکاریں گے، کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ وہ کہیں گے، کیوں نہیں، مگر تم نے تو اپنی جانوں کو فتنے میں ڈالا اور مسلمانوں کے نقصان کے منتظر رہے اور شک میں پڑے رہے اور جھوٹی خواہشات نے تمہیں دھوکے میں ڈالے رکھا اور اللہ کا حکم آگیا اور بڑے فریبی نے تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکے میں ڈالے رکھا۔

سوال سورۃ حدید میں دنیاوی زندگی کی کیا حقیقت بیان ہوئی ہے؟

جواب دنیا اور آخرت کی حقیقت کو واضح کیا گیا اور بتایا گیا کہ دنیا فنا ہونے والا گھر اور کھیل تماشے کی طرح ہے جبکہ آخرت ہمیشہ باقی رہنے والا گھر، سعادت اور بڑی راحت کی جگہ ہے۔

سوال لوہے کے فوائد تحریر کیجئے۔

جواب اس میں سخت لڑائی کا سامان ہے اور لوگوں کے لیے فائدے ہیں

## سورۃ المجادلہ کے سوالات کے جوابات

مجادلہ کا مطلب بیان کریں؟

بحث و تکرار کرنے والی عورت کو مجادلہ کہتے ہیں۔

منکروں کے اعمال کے بارے میں سورۃ مجادلہ میں کیا فرمایا گیا ہے؟

اللہ نے ان کے اعمال کو گن رکھا ہے اور وہ لوگ انہیں بھول گئے ہیں اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔

ظہار کے مسئلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرنے والی عورت کون تھی۔

وہ حضرت خولہ بنت ثعلبہ تھی۔

Scanned with CamScanner

جھوٹی قسموں کو اپنی ڈھال بنانے والوں کا کیا انجام ہوگا؟

جان اور مال بچانے کیلئے جھوٹی قسموں کو اپنی ڈھال بنانے والے منافقین رسوا کر دینے والے عذاب میں گرفتار ہوں گے۔

## سورۃ الحشر کے سوالات کے جوابات

بنو نضیر کے یہودیوں کو جلاوطن کیوں کیا گیا؟

بنو نضیر کے یہودیوں نے رسول اللہ ﷺ سے کئے ہوئے معاہدے کی خلاف ورزی کی اور آپ کو شہید کرنے کی سازش کی تو اس کے نتیجے میں انہیں مدینہ منورہ سے جلاوطن کر دیا گیا۔

کیا جنتی اور جہنمی برابر ہیں۔

دوزخ والے اور جنت والے برابر نہیں جنت والے ہی افضل ہیں۔

سورۃ حشر کی آیت ۲۱ میں قرآن پاک کی عظمت کے بارے میں کیا فرمایا گیا۔

اور اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے تو تم اسے جھکا ہوا دیکھتے اور اللہ کے خوف سے پاش پاش دیکھتے

سورۃ حشر کی آخری تین آیات پڑھنے کی کیا فضیلت ہے۔

جس نے صبح کے وقت تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کہا اور سورۃ حشر کی آخری تین آیات کی تلاوت کی تو اللہ پاک ۷۰ ہزار فرشتے مقرر کر دیتا ہے جو شام تک اس کیلئے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں اور اگر اسی دن انتقال کر جائے تو شہید کی موت مرے گا جو شام کے وقت اسے پڑھے تو اس کا بھی یہی مرتبہ ہے۔

## سورۃ الممتحنہ کے سوالات کے جوابات

سورۃ ممتحنہ کا مرکزی مضمون کیا ہے۔

اس سورت کے مرکزی مضمون میں مسلمانوں سے معاہدہ کرنے والے اور جنگ نہ کرنے والے مشرکین کا بیان ہے۔

مسلمانوں کو کافروں کے ساتھ دوستی کرنے سے کیوں منع کیا گیا؟

مسلمانوں کو کافروں سے دوستی کرنے اور ان سے محبت رکھنے سے منع کیا گیا اور بتایا گیا کہ کفار کو جب بھی موقع ملے گا تو انہیں نقصان پہنچانے میں کوئی کمی نہیں کریں گے۔

کیا کافر قیامت کے دن کسی کے کام آئیں گے

کافر اولاد اور کافر رشتہ دار کوئی فائدہ نہیں دیں گے۔

دین کے معاملے میں رشتے داروں کے ساتھ مسلمانوں کو کن کے طریقے کی پیروی کرنے کا کہا گیا ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیروی کرنے کا کہا گیا ہے۔

## سورۃ الصف کے سوالات کے جوابات

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت ان کی والدہ کی طرف کی گئی باپ کی طرف کیوں نہیں؟

کیونکہ اللہ پاک نے آپ کو بغیر باپ کے پیدا کیا۔

کفار و مشرکین اللہ پاک کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں اس سے کیا مراد ہے۔

وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا نور منہ سے بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو مکمل کرنے والا ہے۔ اگرچہ کافروں کو ناپسند

Scanned with CamScanner

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس قوم کے نبی تھے؟
حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے نبی تھے۔

## سورۃ الجمعہ کے سوالات کے جوابات

سورۃ جمعہ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟
اس سورت کا مرکزی مضمون ہے سورۃ جمعہ کا حکم ہے۔

کیا صرف انسان ہی اللہ پاک کا ذکر کرتے ہیں؟
انسان ہی نہیں بلکہ دنیا کی تمام مخلوق اللہ پاک کا ذکر کرتی ہیں۔

سورۃ جمعہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کون سے اوصاف بیان ہوئے ہیں؟
جو اللہ پاک کی آیتیں تلاوت فرماتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت کا علم عطا فرماتا ہے۔ اور وہ ان سے بعد والے دوسرے لوگوں کو بھی رسول اکرم پاک کرتے اور انہیں علم دیتے ہیں اور وہی بہت عزت والا بڑا حکمت والا ہے۔

جمعہ کے دن پہلی اذان ہونے کے بعد خرید و فروخت کرنا کیسا؟
جب جمعہ کے دن نماز کیلئے اذان دی جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو

## سورۃ المنافقون کے سوالات کے جوابات

سورۃ المنافقون کی روشنی میں بتائیں کہ عزت کس کیلئے ہے؟
عزت اللہ اس کے رسول اور مسلمانوں کیلئے ہی ہے مگر منافقوں کو معلوم نہیں۔

سورۃ منافقون میں مال اور اولاد کے متعلق ایمان والوں کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟
اے ایمان والوں تمہارے مال اور تمہاری اولاد غافل نہ کر دیں تمہیں اور جو ایسا کرے گا تو وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔

اگر موت کا وقت آ جائے تو کیا اسے ٹالا جا سکتا ہے؟
ہرگز اللہ کسی جان کو مہلت نہ دے گا جب اس کا وقت آ جائے گا۔

## سورۃ التغابن کے سوالات کے جوابات

سورۃ تغابن کی پہلی آیت میں اللہ پاک کی کیا شان بیان ہوئی ہے۔
جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے۔ سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کیلئے سب تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

تمام مخلوق میں سب سے اچھی صورت کس کی بنائی گئی ہے۔
اللہ پاک نے انسان کو اچھی صورت پر پیدا کیا ہے

کیا مال اور اولاد بھی آخرت کی بربادی کا سبب بنتے ہیں۔
جی ہاں، مال اور اولاد بھی آخرت کی بربادی کا سبب بنتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

(S)

## سورۃ الطلاق کے سوالات کے جوابات

رجوع سے کیا مراد ہے؟

اگر ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو عدت پوری ہونے سے پہلے بھلائی کے ساتھ عورت سے رجوع کر لیا جائے یا اسے چھوڑ دیا جائے اور اگر رجوع کیا جائے تو اس رجوع پر دو مردوں کو گواہ بنا لیا جائے

حاملہ عورت کی عدت کیا بیان ہوئی ہے؟

حاملہ عورت کی عدت بچہ پیدا ہونے تک بیان کی گئی ہے۔

سورۃ طلاق میں رسول اکرم کی کیا شان بیان ہوئی ہے؟

اللہ نے رسول بھیجا جو تم پر اللہ کی روشن آیتیں تلاوت کرتا ہے تاکہ وہ لوگوں کو اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے آئے۔

## سورۃ التحریم کے سوالات کے جوابات

توبۃ النصوح کسے کہتے ہیں؟

سچی توبہ کو توبۃ النصوح کہتے ہیں۔

کیا اللہ پاک کے علاوہ بھی کوئی کسی کی مدد کر سکتا ہے

اللہ پاک کی اجازت سے اس کے بندے بھی مدد کرتے ہیں۔

سورۃ تحریم کی آیت نمبر 8 میں ایمان والوں کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

اے ایمان والو اللہ کی طرف ایسی توبہ کرو جس کے بعد گناہ کی طرف لوٹنا نہ ہو

## سورۃ الملک کے سوالات کے جوابات

آیت نمبر 2 میں عمل کے احسن ہونے سے کیا مراد ہے؟

وہ جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون زیادہ اچھے عمل کرنے والا ہے۔ اور وہی بہت عزت والا، بہت بخشش والا ہے۔

سورۃ ملک کی روشنی میں ستاروں کے فوائد تحریر کریں

اور بیشک ہم نے نیچے کے آسمان کو چراغوں سے آراستہ کیا اور انہیں شیطانوں کیلئے مارنے کا ذریعہ بنایا۔

پرندوں کو اڑنے کی کس نے طاقت دی؟ آیت 19 کی روشنی میں بتائیں؟

اور کیا انہوں نے اپنے اوپر پر پھیلائے اور سمیٹتے ہوئے پرندے نہ دیکھے، انہیں رحمٰن کے سوا کوئی نہیں روکتا، بیشک وہ ہر چیز کو دیکھنے والا ہے

## سورۃ القلم کے سوالات کے جوابات

مداہنت کیا ہے؟

دنیا کی خاطر دین کے احکام میں خلاف شرع نرمی برتنا مداہنت ہے اور یہ ناجائز اور حرام ہے۔

حلاف کسے کہتے ہیں اور بہت زیادہ قسمیں کھانا کس کی صفت ہے؟

بہت قسمیں کھانے والے کو حلاف کہتے ہیں اور یہ ذلیل کی صفت ہے۔

سورۃ قلم کی آیت نمبر 10-12 میں کافر کے کتنے اور کون کونسے عیب بیان ہوئے ہیں؟

سامنے سامنے بہت طعنے دینے والا، چغلی کے ساتھ ادھر ادھر بہت پھرنے والا، بھلائی سے بڑا روکنے والا، حد سے بڑھنے والا

Scanned with CamScanner

نہ لگنا بیکار، سمت خراج اس کے سجدنا جائز پیدا وار ہے۔

کیا کافر اور مسلمان برابر ہے۔

کافروں کا یہ دعویٰ ہے کہ مسلمان اور کافر برابر ہے اس دعوے پر ان کے پاس کوئی دلیل نہیں

نافرمانیوں کے باوجود دنیاوی نعمتیں ملتی رہنا ایسا؟

## سورۃ الحاقہ کے سوالات کے جوابات

اس سورت کا نام حاقہ کیوں رکھا گیا

حاقہ قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے اس کا معنی ہے یقینی طور پر واقع ہونے والی۔ چونکہ اس سورت کو اسی نام کے سوال کے ساتھ شروع کیا گیا ہے اس لیے اسے سورۃ حاقہ کہتے ہیں۔

سورۃ حاقہ میں کن دو قوموں کا ذکر ہے اور وہ کس طرح ہلاک ہوئیں؟

سورۃ حاقہ میں قوم عاد اور قوم ثمود کا ذکر ہے۔ قوم ثمود کے لوگ تو حد سے گزری ہوئی چنگھاڑ سے ہلاک کیے گئے اور عاد کے لوگ نہایت سخت گرجتی آندھی سے ہلاک کیے گئے۔

قوم عاد پر کس طرح عذاب آیا تھا؟

عاد کے لوگ نہایت سخت آندھی سے ہلاک کیے گئے اللہ نے وہ آندھی ان پر لگاتار سات راتیں اور آٹھ دن پوری قوت کے ساتھ مسلط کر دی۔

قیامت کے دن عرشِ الٰہی کو کتنے فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے؟

قیامت کے دن عرشِ الٰہی کو آٹھ فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے۔

کیا قیامت کے دن مال و دولت کام آئے گا۔

جی نہیں قیامت کے دن مال و دولت کوئی کام نہیں آئے گا۔

کیا مومن اور کافر دونوں کو قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا لگے گا؟

مومنوں کو نہیں کافروں کو قیامت کا دن اس کی سختی کی وجہ سے ایک ہزار یا پچاس ہزار سال کا لگے گا۔

کیا کوئی کافر کچھ دے کر عذاب سے بچ سکے گا

مجرم آرزو کرے گا کاش اس دن کے عذاب سے بچنے کیلئے میں اپنے بیٹے دیدوں اپنی بیوی اور اپنا بھائی اور اپنا وہ کنبہ جو اسے پناہ دیتا ہے مگر وہ عذاب سے نہیں بچ سکے گا۔

سورۃ معارج میں کتنے اعلیٰ اوصاف کا ذکر آیا ہے؟

سورۃ معارج میں آٹھ اعلیٰ اوصاف کا ذکر آیا ہے

## سورۃ النوح کے سوالات کے جوابات

حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کس انداز میں تبلیغ فرمائی؟

آپ نے فرمایا اے میری قوم بیشک میں تمہارے لیے کھلا ڈر سنانے والا ہوں کہ اللہ کی بندگی کرو اور اس سے ڈرو اور میرا کہنا مانو وہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے گا اور ایک مقررہ وقت تک تمہیں مہلت دے گا۔ ... اللہ کا مقرر ...

Scanned with CamScanner

مدت جب آ جائے تو اسے پیچھے نہیں کیا جاتا۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر تم جانتے۔

حضرت نوح نے اپنی قوم کو کس چیز سے ڈرایا اور کیا حکم دیا۔

آپ نے فرمایا: اے میری قوم بیشک میں تمہارے لئے کھلا ڈر سنانے والا ہوں۔ کہ اللہ کی بندگی کرو اور اس سے ڈرو اور میرا حکم مانو۔ وہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے گا اور ایک مقررہ مدت تک تمہیں مہلت دے گا بیشک اللہ کی مقررہ مدت جب آ جائے تو اسے پیچھے نہیں کیا جاتا۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر تم جانتے

حضرت نوح علیہ السلام نے ایمان والوں اور کافروں کیلئے کیا دعا فرمائی

آپ نے عرض کی اے میرے رب زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا نہ چھوڑ بیشک اگر تو انہیں چھوڑ دے گا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کر دیں گے اور یہ اولاد بھی ایسی ہی جنیں گے جو بدکار بڑی ناشکری ہوگی اور سب مسلمان مردوں اور سب مسلمان عورتوں کو بخشش دے اور کافروں کی تباہی میں اضافہ فرما دے

## سورۃ الجن کے سوالات کے جوابات

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے جنات آسمان دنیا پر کس لئے جاتے تھے؟

جنات فرشتوں کی باتیں چوری چھپے سننے کیلئے آسمانوں کی طرف جاتے تھے

کیا انسانوں کی طرح جنات میں بھی مختلف گروہ ہوتے ہیں؟

جنات بھی اللہ پاک کی مخلوق ہیں، انسانوں کی طرح ان میں بھی متعدد فرقے ہیں، مسلمان، کافر، نیک، اور بد ہر طرح کے جنات ہیں۔

کیا کافر جن بھی جہنم میں جائیں گے

جی ہاں، کافر جن جہنم کا ایندھن ہوں گے۔

اللہ اور رسول کا حکم نہ ماننے والے کی کیا سزا بیان کی گئی ہے؟ سورۃ جن کی روشنی میں بتائیں

جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم نہ مانے تو بیشک اس کیلئے جہنم کی آگ ہے جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

کیا اللہ پاک اپنے رسولوں کو علم غیب عطا فرماتا ہے۔

غیب کا جاننے والا اپنے غیب پر کسی کو اطلاع نہیں دیتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے

## سورۃ المزمل کے سوالات کے جوابات

مزمل کا معنی کیا ہے؟

مزمل کا معنی ہے چادر اوڑھنے والا۔

ترتیل کے ساتھ تلاوت قرآن سے کیا مراد ہے

ترتیل سے مراد یہ ہے کہ قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔

سورۃ مزمل میں رات کے قیام کے ساتھ ساتھ مزید کن نیکیوں کا حکم دیا گیا ہے۔

آدھی رات قیام کرو یا تھوڑا کم کرو یا اس میں اضافہ کرو اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو۔

## سورۃ المدثر کے سوالات کے جوابات

مدثر کا معنی بیان کریں؟

مدثر کا معنی چادر اوڑھنے والا ہے۔

جہنم پر کتنے فرشتے مقرر کئے گئے ہیں

Scanned with CamScanner

جہنم پر ۱۹ فرشتے مقرر کئے گئے ہیں۔

سورۃ مدثر کی آیت 28 اور 29 میں جہنم کی کون سی صفات بیان ہوئی ہیں۔

نہ باقی رہنے دے گی اور نہ چھوڑے گی اور آدمی کی کھال جلا دینے والی ہے۔

نصیحت سے منہ موڑنے والے کفار کو کس سے تشبیہ دی گئی۔

نصیحت سے منہ موڑنے والے کفار کو گدھے سے تشبیہ دی گئی۔

کافروں کو کیا چیز جہنم میں لے گئی؟

مجرموں سے پوچھا جائے گا کون سی چیز تمہیں جہنم میں لے گئی وہ کہیں گے ہم نمازیوں میں سے نہیں تھے اور مسکینوں کو کھانا نہیں کھلاتے تھے اور بیہودہ فکر والوں کے ساتھ بیہودہ باتیں سوچتے تھے

## سورۃ القیامہ کے سوالات کے جوابات

سورۃ القیامہ کی آیت 7 تا 9 میں قیامت کی کتنی اور کون کون سی علامات بیان کی گئی ہیں؟

وہ جس دن آنکھیں دہشت زدہ ہو جائیں گی۔ اور چاند تاریک ہو جائے گا اور سورج اور چاند کو ملا دیا جائے گا۔

کفار قیامت کا انکار کیوں کرتے تھے؟

مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہو جانے کو محال سمجھتے تھے اس لیے وہ قیامت کا انکار کرتے تھے۔

سورۃ قیامہ میں موت کی سختی کو کس طرح بیان کیا گیا ہے

پس ہاں جب جان گلے کو پہنچ جائے گی اور کہا جا رہا ہوگا کہ جھاڑ پھونک کرنے والا کون؟ تو وہ سمجھ لے گا کہ یہ جدائی کا وقت ہے اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی۔

بروز قیامت مومنین اور کفار کے چہرے کیسے ہوں گے

قیامت کے دن مومنین کے چہرے ترو تازہ اور کفار و منافقین کے چہرے بگڑے ہوئے ہوں گے۔

## سورۃ الدھر کے سوالات کے جوابات

مومنوں کیلئے جنت کی نعمتیں ہیں کفار کیلئے کیا ہے؟

مومنوں کیلئے جنت کی نعمتیں اور کفار کیلئے جہنم کی آگ ہے۔

اہل جنت کو پینے کیلئے کیسا مشروب دیا جائے گا۔

نیک لوگ جنت میں ایسا جام پئیں گے جس میں کافور ملا ہوگا اور کافور ایک جنتی چشمہ ہے۔

آیت 7 تا 10 میں نیک لوگوں کی کونسی صفات بیان ہوئی ہیں؟

اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہوگی۔ اور وہ اللہ کی محبت میں مسکین یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں ہم صرف اللہ کی رضا کیلئے کھانا کھلاتے ہیں ہم تم سے نہ کوئی بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکریہ بیشک ہمیں اپنے رب سے ایسے دن کا انتظار ہے جو بہت ترش نہایت سخت ہے۔

کیا جنت میں سردی اور گرمی ہوگی۔

جنت میں نہ دھوپ ہوگی اور نہ سخت سردی۔

وہ کونسی چیزیں ہیں جو دنیا میں مردوں کیلئے حرام ہے اور جنت میں حلال ہوگی

ریشم، چاندی اور شراب ہے

Scanned with CamScanner

(5)

## سورۃ المرسلات کے سوالات کے جوابات

اس سورت میں یہ آیت مبارکہ "وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ" کتنی بار آئی ہے اور اس کا مقصد کیا ہے
یہ آیت ۱۰ بار آئی ہے اور اسکا مقصد ہے اس دن جھٹلانے والوں کیلئے خرابی ہے۔

سورۃ مرسلات کی آیت 8 تا ۱۰ میں قیامت کی کتنی اور کون کونسی علامات بیان ہوئی ہیں؟
اور جب آسمان پھاڑ دیے جائے گے اور جب پہاڑ غبار بنا کر اڑا دیے جائیں گے۔

زمین ہمارے لیے کس طرح نعمت ہے؟ سورۃ مرسلات کی روشنی میں بتائیے۔
کیا ہم نے زمین کو جمع کرنے والی نہ بنایا زندوں اور مردوں کو اور ہم نے اس میں اونچے اونچے مضبوط پہاڑ بنا دیئے اور ہم نے خوب میٹھے پانی سے تمہیں سیراب کیا۔

متقین کو ان کے نیک اعمال کا کیا صلہ دیا جائے گا؟
بیشک ڈرنے والے سایوں اور چشموں میں ہوں گے اور پھلوں میں سے جو وہ چاہیں گے اپنے اعمال کے بدلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو۔ بیشک نیکی کرنے والوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں

جہنم کا دھواں کیسا ہوگا؟
جہنم کا دھواں سیاہ ہوگا۔

## 1- سورۃ النجم

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| (1 | ھَوٰی | وہ اترے |
| (2 | غَوٰی | ٹیڑھا راستہ چلا |
| (3 | اسْتَوٰی | اس نے قصد فرمایا |
| (4 | اُفُق | کنارے |
| (5 | تُمٰرُوْنَ | تم جھگڑتے ہو |
| (6 | طَغٰی | حد سے بڑھی |
| (7 | اللّٰت | لات |
| (8 | العُزّٰی | عزی |
| (9 | ضِیْزٰی | غیر منصفانہ |
| (10 | مَّلَک | فرشتے |
| (11 | اَسَآءُوْا | بُرے کام کیئے |
| (12 | لَا تُزَکُّوْا | تم پاکیزگی بیان نہ کرو |
| (13 | لَمَم | گناہ کے پاس گئے اور رک گئے۔ |
| (14 | لَا تَزِرُ | بوجھ نہیں اُٹھائے گی |
| (15 | النَّشْاَۃَ | زندہ کرنا |
| (16 | الْمُؤْتَفِکَۃَ | اُلٹنے والی بستیوں کو |
| (17 | تَتَمَارٰی | تو شک کریگا |

## 2- سورۃ القمر

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| (1 | مُنْھَمِر | تیز بہنے والی |
| (2 | مُزْدَجَرٌ | ڈانٹ ڈپٹ تھی |
| (3 | مَا تُغْنِ | فائدہ نہیں دیتے |
| (4 | مُھْطِعِیْنَ | دوڑتے ہوئے |



Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر (25)

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 5 | دُسُرٍ | کیلوں |
| 6 | رِیْحًا صَرْصَرًا | سخت آندھی |
| 7 | تَنْزِعُ | وہ اکھیڑ دیتی تھی |
| 8 | سُعُرٍ | دیوانگی |
| 9 | اَشِرٌ | متکبر |
| 10 | مُحْتَظِرِ | باڑ بنانے والے شخص |
| 11 | نَجَّیْنٰهُمْ | ہم نے بچا لیا |
| 12 | بَرَآءَةٌ | نجات |
| 13 | مُنْتَشِرٌ | پھیلی ہوئی |

## ۳- سورۃ الرحمٰن

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1 | اَلْاَکْمَامِ | غلاف |
| 2 | رَفَعَ | بلند کیا |
| 3 | اَلْحَبُّ | اناج |
| 4 | اَلرَّیْحَانُ | خوشبودار پھول |
| 5 | اَلْمُنْشَئٰتُ | اٹھا ہوا |
| 6 | مَعْشَرَ | گروہ |
| 7 | اَلدِّهَانِ | سرخ چمڑا |
| 8 | عَصْفِ | بھوسے |
| 9 | صَلْصَالٍ | بجنے والی سوکھی مٹی |
| 10 | ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ | شاخوں والیاں |
| 11 | اِسْتَبْرَقٍ | موٹی ریشم |
| 12 | قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ | نگاہ کو جھکا کر رکھنے والی (عورتیں) |
| 13 | اَلْمَرْجَانُ | مرجان (موتی ہیں) |
| 14 | رَفْرَفٍ خُضْرٍ | سبز قالینوں |
| 15 | اَلنَّوَاصِیْ | پیشانیوں |

Scanned with CamScanner

## ۴- سورۃ الواقعہ

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| مَوْضُوْنَةٍ | جڑے ہوئے |
| مُخَلَّدُوْنَ | ہمیشہ رہنے والے |
| اَکْوَابٍ | کوزوں |
| کَاْسٍ | شراب کے جام |
| تَاْثِیْمًا | کوئی گناہ کی بات |
| مَخْضُوْدٍ | بغیر کانٹوں والی |
| ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ | دراز سائے |
| سَمُوْمٍ | شدید گرم ہوا |
| بِمَسْبُوْقِیْنَ | پیچھے رہ جانے والے |
| مُزْنِ | بادلوں |
| تُوْرُوْنَ | تم روشن کرتے ہو |
| حِیْنَئِذٍ | اس وقت |
| مَدِیْنِیْنَ | بدلہ دیئے جانے والے |

## ۵- سورۃ الحدید

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| مُسْتَخْلَفِیْنَ | دوسروں کا جانشین |
| یُضٰعِفُ | وہ بڑھا دے گا |
| نَقْتَبِسْ | ہم روشنی حاصل کریں |
| غَرَّتْکُمْ | دھوکہ میں ڈالے رکھا تمہیں |
| طَالَ | دراز ہو گئی |
| مُخْتَالٍ | متکبر |
| رَهْبَانِیَّةَ | رہبانیت |
| اَمَانِیُّ | |

Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر (4)

## 6- سورۃ المجادلہ

| معنی | الفاظ |
|---|---|
| شکایت کرتی ہے | 1) تَشْتَكِي |
| گفتگو | 2) تَحَاوُرَ |
| آزاد کرنا | 3) تَحْرِيْر |
| مخالفت کرتے ہیں | 4) يُحَآدُّوْنَ |
| سرگوشی | 5) نَجْوٰی |
| جگہ کشادہ فرمائے۔ | 6) تَفَسَّحُوْا |
| تم ڈر گئے | أَشْفَقْتُمْ |
| ڈھال | جُنَّةً |
| غالب آگیا | اِسْتَحْوَذَ |

## 7- سورۃ الحشر

| معنی | الفاظ |
|---|---|
| جلاوطن ہونا | جَلَآءَ |
| انھوں نے مخالفت کی | شَآقُّوْا |
| غنیمت دلائی | أَفَآءَ |
| گردش کرنے والی | دُوْلَةً |
| ٹھکانہ بنایا | تَبَوَّؤُا |
| بچا لیا گیا | يُوْقَ |
| دیواروں | جُدُرٍ |
| پاش پاش | مُتَصَدِّعًا |

صفحہ نمبر (5)

## ۸- سُورَةُ الْمُمْتَحِنَة

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| 1) يَثْقَفُوا | وہ پالیں |
| 2) أُسْوَةٌ | پیروی |
| 3) بُرَءٰٓؤُا | بیزار ہیں |
| 4) عَادَيْتُم | تمہارے دشمن ہوئے |
| 5) تَبَرُّوا | تم احسان کرو |
| 6) حِلٌّ | حلال ہیں |
| 7) جُنَاحَ | کوئی گناہ |
| 8) وَلْيَسْئَلُوا | اور مانگ لو |
| 9) يُبَايِعْنَ | وہ بیعت کریں |
| 10) يَفْتَرِيْنَهٗ | جسے وہ گھڑ ہیں |

## ۹- سُورَةُ الصَّف

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| 1) مَقْتًا | ناپسندیدگی |
| 2) بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ | سیسہ پلائی ہوئی دیوار |
| 3) تُؤْذُوْنَ | تم ستاتے ہو |
| 4) زَاغُوْا | وہ ٹیڑھے ہوئے |
| 5) يَأْتِيْ | وہ آئے گا |
| 6) يُدْعٰى | اسے بلایا جاتا ہو |
| 7) لِيُطْفِئُوْا | کہ بجھا دیں |
| 8) بِأَفْوَاهِهِمْ | اپنے موتیوں سے |
| 9) مُتِمٌّ | مکمل کرنے والا |



Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر (6)

## ۱۰- سورۃ الجمعۃ

| معنی | الفاظ | |
|---|---|---|
| ان پڑھوں | أُمِّيِّنَ | 1 |
| پاک کرتا ہے | يُزَكِّيهِمْ | 2 |
| جو ابھی نہیں ملے | لَمَّا يَلْحَقُوا | 3 |
| بوجھ رکھا گیا | حُمِّلُوا | 4 |
| گدھا | حِمَار | 5 |
| کتابیں | أَسْفَارًا | 6 |
| یہودی ہوئے | هَادُوا | 7 |
| تم بھاگتے ہو | تَفِرُّونَ | 8 |
| پوری کر لی جائے | قُضِيَتِ | 9 |
| کھیل (تو) چل دیئے | لَهْوًا انْفَضُّوا | 10 |

## ۱۱- سورۃ المنٰفقون

| معنی | الفاظ | |
|---|---|---|
| تو انھوں نے روکا | فَصَدُّوا | 1 |
| مہر لگا دی گئی | طُبِعَ | 2 |
| دیوار کے سہارے کھڑی لکڑیاں | خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ | 3 |
| بلند ہونے والی آواز | صَيْحَةٍ | 4 |
| وہ اوندھے جاتے ہیں | يُؤْفَكُونَ | 5 |
| وہ اِدھر اُدھر ہو جائیں | يَنْفَضُّوا | 6 |
| غافل نہ کر دے تمہیں | لَا تُلْهِكُمْ | 7 |
| | | 8 |

صفحہ نمبر (7)

## ۱۲- سورۃ التغابن

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1 | الصُّدُوْرِ | سینوں |
| 2 | اسْتَغْنَى | بے پروائی فرمائی |
| 3 | التَّغَابُنِ | ہار ظاہر ہونے |
| 4 | فَاحْذَرُوْا | تو تم محتاط رہو |
| 5 | تَصْفَحُوْا | درگزر کرو |
| 6 | يُوْقَ | بچالیا گیا |

## ۱۳- سورۃ الطلاق

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1 | يَأْتِيْنَ | وہ ارتکاب کریں |
| 2 | أَمْسِكُوْا | تو روک لو |
| 3 | فَارِقُوْا | جدا کردو |
| 4 | يَتَّقِ | ڈرے |
| 5 | يَئِسْنَ | ناامید ہو چکی ہو |
| 6 | ارْتَبْتُمْ | تمہیں شک ہو |
| 7 | أُجُوْرَ | اُجرت |
| 8 | تَعَاسَرْتُمْ | تم آپس میں دشواری سمجھو |
| 9 | سَعَةٍ | وسعت |
| 10 | عَتَتْ | اس نے سرکشی کی |

Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر (8)

## ۱۴- سورۃ التحریم

| معنی | الفاظ | |
|---|---|---|
| تم حرام کراتے ہو | تُحَرِّمُ | 1 |
| کھولنا | تَحِلَّۃَ | 2 |
| خفیہ طور پر کی | اَسَرَّ | 3 |
| اس نے جتایا | عَرَّفَ | 4 |
| تم بچاؤ | قُوْا | 5 |
| سختی کرنے والے | غِلَاظٌ | 6 |
| تم بہانے نہ بناؤ | لَا تَعْتَذِرُوْا | 7 |
| رسوا نہ کرے گا | لَا یُخْزِیْ | 8 |
| سختی کرو | اُغْلُظْ | 9 |

Scanned with CamScanner

## ۱۵۔ سورۃ الملک

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1 | طِبَاقًا | ایک دوسرے کے اوپر |
| 2 | تَفٰوُت | فرق |
| 3 | فُطُوْر | رخنے |
| 4 | خَاسِئًا | ناکام ہو کر |
| 5 | بِمَصَابِیْحَ | چراغوں سے |
| 6 | شَهِیْقًا | چنگھاڑ |
| 7 | فَسُحْقًا | تو دور ہو دھتکار |
| 8 | اَجْهَرُوْا | بلند آواز سے کہو |
| 9 | جُنْدٌ | لشکر |
| 10 | لَّجُّوْا | وہ ڈھیٹ بن گئے |
| 11 | عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ | سرکشی اور نفرت |
| 12 | ذَرَاَکُمْ | پیدا کیا پھیلایا تمہیں |
| 13 | سِیْئَتْ | تو بگڑ جائیں گے |
| 14 | تَدَّعُوْنَ | مطالبہ کرتے تھے |
| 15 | غَوْرًا | زمین میں دھنسنے والا |

## ۱۶۔ سورۃ القلم

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1 | یَسْطُرُوْنَ | وہ لکھتے ہیں |
| 2 | مَمْنُوْنٍ | ختم ہونے والا |
| 3 | مَفْتُوْن | مجنون تھا |
| 4 | لَا تُطِعْ | تم بات نہ ماننا |

Scanned with CamScanner

## صفحہ نمبر (۱۵)

| | | |
|---|---|---|
| 5 | يُدْهِنُوْنَ | وہ نرمی کریں |
| 6 | حَلَّافٍ | بڑا قسم کھانے والا |
| 7 | مَهِيْنٍ | ذلیل کی |
| 8 | هَمَّازٍ | (منہ پر) بہت طعنے دینے والا |
| 9 | نَمِيْمٍ | چغلی |
| 10 | عُتُلٍّ | سخت مزاج |
| 11 | سَنَسِمُهٗ | عنقریب ہم داغ دینگے اسکی |
| 12 | خُرْطُوْمِ | سور جیسی تھوتھنی |
| 13 | لَا يَسْتَثْنُوْنَ | وہ ان شاء اللہ نہیں کہہ رہے تھے |
| 14 | كَالصَّرِيْمِ | سیاہ رات کی طرح |
| 15 | فَتَنَادَوْا | تو انھوں نے ایکدوسرے کو پکارا |
| 16 | سَلْهُمْ | تم پوچھو ان سے |
| 17 | يُكْشَفُ | پردہ اٹھایا جائیگا |
| 18 | مَغْرَمٍ | تاوان |
| 19 | حُوْتِ | مچھلی |

## 17- سورۃ الحاقۃ

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1 | اَلْحَاقَّةُ | یقینی طور پر واقع ہونے والی |
| 2 | بِالطَّاغِيَةِ | حد سے گزری ہوئی چنگھاڑ سے |
| 3 | صَرْصَرٍ | گرجنی |
| 4 | حُسُوْمًا | لگاتار |
| 5 | مُؤْتَفِكٰتُ | الٹنے والی بستیاں |
| 6 | جَارِيَةٌ | کشتی |



Scanned with CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| 7) | لَمْ اُوْتَ | مجھے نہ دیا جاتا |
| 8) | لَمْ اَدْرِ | میں نہ جانتا |
| 9) | سِلْسِلَۃٍ | زنجیر |
| 10) | الْوَتِیْنَ | دل کی رگ |

## 18- سورۃ المعارج

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1) | سَاَلَ | مانگنا |
| 2) | یَوَدُّ | آرزو کرے |
| 3) | یَفْتَدِیْ | وہ بدلے میں دے دے |
| 4) | تُؤْوِیْہِ | پناہ دیتا ہے اُسے |
| 5) | لِلشَّوٰی | کھال کو |
| 6) | ھَلُوْعًا | بڑا بے صبرا حریص |
| 7) | مَنُوْعًا | بہت روکنے والا |
| 8) | مَاْمُوْنٍ | بے خوف ہونے کی چیز |
| 9) | رٰعُوْنَ | حفاظت کرنے والا |

## 19- سورۃ النوح

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1) | اِسْتَغْشَوْا | انہوں نے اوڑھ لیا |
| 2) | اَصَرُّوْا | وہ ڈٹ گئے |
| 3) | مِدْرَارًا | موسلا دھار |
| 4) | اَطْوَارًا | کئی حالتوں |
| 5) | سِرَاجًا | چراغ |
| 6) | اَنْبَتَکُمْ | اس نے اگایا تمہیں |
| 7) | لَا تَذَرُنَّ | تم ہرگز نہ چھوڑنا |



Scanned with CamScanner

صفحہ نمبر (12)

## ۲۰- سورۃ الجن

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| جَدُّ | شان |
| سَفِیْہُنَا | کوئی بیوقوف |
| یَعُوْذُوْنَ | پناہ لیتے |
| شِہَابًا | آگ کا شعلہ |
| قِدَدًا | بٹے ہوئے |
| تَحَرَّوْا | انہوں نے قصد کیا |
| حَطَبًا | ایندھن |
| یَعْصِ | نافرمانی کرے |
| اَقَلُّ | زیادہ کم ہے |
| اِرْتَضٰی | اس نے پسند کرلیا |

## ۲۱- سورۃ المزمل

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| نَاشِئَۃَ | قیام کرنا |
| تَبَتَّلْ | سب سے الگ ہو جاؤ |
| ذَرْ | چھوڑ دو |
| مَہِّلْ | مہلت دو |
| شِیْبًا | بوڑھا |
| اَنْکَالًا | بھاری بیڑیاں. |

Scanned with CamScanner

## ۲۲- سورۃ المدثر

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1 | النَّاقُوْرِ | صور |
| 2 | الرُّجْزَ | گندگی |
| 3 | لَاتَمْنُنْ | احسان نہ کرو |
| 4 | تَمْهِيْدًا | بچھانا |
| 5 | عَنِيْدًا | دشمنی رکھنے والا |
| 6 | عَبَسَ | اس نے تیور چڑھائی |
| 7 | سَأُصْلِيْهِ | عنقریب میں داخل کرونگا |
| 8 | لَوَّاحَةٌ | کھال جلا دینے والی |
| 9 | لَا يَرْتَابَ | شک نہ کریں |
| 10 | يَتَقَدَّمَ | وہ آگے بڑھے |
| 11 | لَمْ نَكُ | ہم نہ تھے |
| 12 | قَسْوَرَةٍ | شیر |

## ۲۳- سورۃ المرسلات

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| 1 | فَالْعٰصِفٰتِ | تیز چلنے والیوں کی |
| 2 | فَرْقً | جدا کرنا |
| 3 | نُسِفَتْ | غبار بنا کر اڑا دیئے جائیں گے |
| 4 | اُقِّتَتْ | خاص وقت پر جمع کیا جائے گا |
| 5 | نُتْبِعُ | ہم پیچھے پہنچائیں گے |
| 6 | قَرَارٍ | محفوظ |
| 7 | كِفَاتًا | جمع کرنے والی |
| 8 | رَوَاسِيَ | مضبوط پہاڑ |



Scanned with CamScanner

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| 9) شُعَبٍ | شاخ |
| 10) ظَلِيلٍ | سائے دینے والا |
| 11) جِمٰلَتٌ صُفْرٌ | زرد رنگ کے اونٹ |
| 12) كَيْدٌ | کوئی داؤ |
| 13) هَنِيٓـًٔا | مزے سے |
| 14) تَمَتَّعُوا | فائدہ اٹھاتے |

## ۲۴- سورۃ القیامۃ

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| 1) بَرِقَ | دہشت زدہ ہو جائیگی |
| 2) مَفَرُّ | بھاگنے کی جگہ |
| 3) مَعَاذِيرَ | اپنی سب معذرتیں |
| 4) بَاسِرَةٌ | بگڑے ہوئے (ہوں گے) |
| 5) التَّرَاقِيَ | گلے (تک) |
| 6) الفِرَاقُ | جدائی (کا وقت ہے) |
| 7) سُدًى | آزاد |
| 8) عَلَقَةً | خون کا لوتھڑا |

## ۲۵- سورۃ الدھر

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| 1) حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ | زمانے سے (وہ) وقت |
| 2) مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ | ملی ہوئی مٹی سے |
| 3) كَفُورًا | ناشکری کرنے والا (ہے) |
| 4) أَغْلَالًا | طوق |
| 5) نَضْرَةً | ترو تازگی |
| 6) الأَرَائِكِ | تختوں |
| 7) دُفُطُوفُهَا | گچھے |
| أَكْوَابٍ | گلاس |



Scanned with CamScanner

Date

01) عربی میں ........ کو نجم کہتے ہیں۔
01) چاند 02) سورج 03) ستارے۔

02) قرآن مجید اللہ پاک کا کلام ہے ........ نے اس میں کوئی بات اپنی طرف سے نہیں کی۔
01) حضرت موسٰی علیہ السلام نے 02) حضرت عیسٰی علیہ السلام نے 03) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

03) قیامت کے دن کوئی کسی کا نہیں اُٹھائے گا۔
01) بوجھ 02) مال 03) یا کوئی نہیں۔

04) عربی میں ..... کو قمر کہتے ہیں۔
01) چاند 02) ستارے 03) سورج۔

05) چاند کے دو ٹکڑے کر دینا پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا روشن ..... ہے۔
01) کرامت 02) معجزہ 03) استدراج۔

06) ...... انتہا کو پہنچی ہوئی حکمت سے بھری ہوئی کتاب ہے۔
01) توریت 02) زبور 03) قرآنِ مجید۔

07) "سقر" کا معنی ہے۔
01) جنت 02) آگ 03) دوزخ

08) ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کی ایک دلہن ہوتی ہے اور قرآن کی دلہن ... ہے
01) سورۃ الحدید 02) سورۃ الواقعہ 03) سورۃ الرحمٰن

09) رسول اکرم کو سارا قرآن ...... نے سکھایا۔
01) حضرت موسٰی علیہ السلام نے 02) حضرت آدم علیہ السلام نے 03) اللہ پاک نے۔

10) قیامت کے دن مجرم اپنے ...... سے پہچانے جائیں گے۔
01) چہرے سے 02) ہاتھ سے 03) پاؤں سے۔

Scanned with CamScanner

Date ____

11) سورۃ الواقعہ میں ---- آیتیں ہیں۔
01) 95 02) 100 03) 96

12) جو شخص روزانہ رات کے وقت سورۃ الواقعہ پڑھے تو وہ ..... سے محفوظ رہے گا۔
01) فاقہ سے 02) مال و دولت سے 03) کسی سے نہیں

13) جب قیامت آئے گی تو ...... ریزہ ریزہ ہو جائیں گے۔
01) پہاڑ 02) زمین 03) آسمان۔

14) قرآن عظیم کو چھونے کے لئے باوضو ہونا --- ہے۔
01) واجب 02) جائز 03) فرض۔

15) حضرت عرباض بن ساریہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے المسبحات کو پڑھتے تھے اور
آپ نے فرمایا ان میں ایک آیت ..... آیات سے افضل ہے۔
01) دو ہزار 02) ایک ہزار 03) تین ہزار۔

16) قرآن مجید نازل کرنے کا مقصد لوگوں کو ........ سے نکال کر ایمان کی روشنی میں لانا ہے۔
01) اجالے سے 02) اندھیروں سے 03) ناول سے۔

17) اللہ پاک ہر متکبر اور بڑائی جتانے والے کو ... ---- کرتا ہے۔
01) ناپسند 02) پسند 03) نعمتوں سے نوازتا ہے

18) بحث و تکرار کرنے والی عورت کو عربی میں ...... کہتے ہیں۔
01) واقعہ 02) رحمٰن 03) مجادلہ۔

19) انسان کا ہر عمل اللہ پاک کے شمار میں ہے اگرچہ ..... بھول جائے۔
01) انسان 02) جانور 03) پرندہ۔

20) اللہ پاک ---- کے درجات بلند فرماتا ہے۔
01) حافظ کے 02) علمائے دین کے 03) مفتی کے

Scanned with CamScanner